# پنجابی نظم: تعارف و تجزیہ

## (بحوالہ مطبوعہ کتب 2013ء)

ڈاکٹر نوید شہزاد
ایسوسی ایٹ پروفیسر پنجابی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

# PUNJABI POETRY
## INTRODUCTION AND ANALYSIS

Naveed Shehzad, PhD
Associate Professor of Punjabi
Department of Punjabi, University of the Punjab, Lahore

**Abstract**

The article deals with the Punjabi poetry books published in the year of 2013. Besides taking into account the quality and quantity, a comprehensive review has been given on the contents of each book. The article begins with the pure collection of Punjabi poem and later on sheds light on the books carrying the Punjabi poem partially. The Punjabi poetry of 2013 has been divided into two trends: neoclassical and modern poem. Thus the panorama of Punjabi poetry comes into forth more vividly and also help demeanor the future of Punjabi poem.

**Keywords:** قافیہ، ردیف، شاعری، زاہد مسعود، سلمان سعید، شان ولایت، غزل، بجلی، گیس، اکھاں مٹی ہو گئیاں

سال 2013ء میں جو پنجابی شعری مجموعے شائع ہوئے اُن کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق چونتیس ہے۔اِن میں سے کچھ غزل اور کچھ دوسری اصنافِ سخن سے متعلق ہیں۔خالصتاً نظم مجموعوں کی تعداد چھ ہے۔جن میں اساں تُساں دی کون کون: نجم حسین سید، چاندیاں رُتاں دے پر چھانویں: سلمان سعید، فنشنگ لائن: نوید شہزاد، کئی کئی دریا: زاہد مسعود، نظماں ای نظماں: ایم اے آزاد کھوکھر اور روڈھوا رنگی مانگ: اجمل خیال شامل ہیں۔اس کے علاوہ بہت سے شعری مجموعوں میں دوسری اصنافِ سخن کے ساتھ مختلف تعداد میں نظمیں بھی شامل ہیں۔سب سے پہلے نظم پر مشتمل مجموعے اور پھر وہ شعری مجموعے موضوعِ بحث ہیں جن میں مختلف اصنافِ سخن کے ساتھ نظم بھی شامل ہے (کتب کو حروفِ تہجی کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے)۔مزاحیہ نظم کو اس مطالعہ میں شامل نہیں کیا گیا کہ وہ ایک الگ مستقل گوشۂ ادب ہے اور اِسے طنز ومزاح کی ذیل میں ہی موضوعِ بحث بننا چاہیے۔

## اَساں تُساں دی کون کون: نجم حسین سید

نجم حسین سید ترقی پسند نظم گو شعرا کے امام مانے جاتے ہیں۔اِس مجموعۂ نظم میں بھی حسبِ سابق بجھارتیں ڈالتا ہوا اسلوبِ بیان اور ترقی پسند تحریک سے متصل تصورِ معاشرت کا حامل شعور منظومات کا بنیادی وصف ہے۔مثال کے لئے نظم ''اِک مخیر بزرگ دا الاہمہ'' دیکھیے، اِسے آپ براہِ راست شاعری کا نمونہ بھی کہہ سکتے ہیں:

''پیو ایہدا مریائے اِناں ڈھونڈا/ ہنج لکھ کیش سلائی مشین ماں ایہدی اگے دھریائے/ ایم اے ایہوں کرایائے/ کالج لوایائے/ اگلیاں نوں مُن ویکھ کیہ پڑھیندی اے/ اکھے ہتھ پولا دستانہ اے ہتھ کرارے دا/ ایہو قانون اے اصلی ایس ویہارے دا/ اپنے آپ نوں آہناں سُنی چل چپ کر رہو/ چاڑھ کے دیگاں بھکھ بیٹے اسیں کھوہنے آں/ یونیورسٹیاں کھول ان پڑھ بنونے آں/ ہسپتال بنوا بیمار کرینے آں/ کوڈے ہتھ لا بادامینوں سدیندی اے/ آہندی اے وچوں جیوناں اے میں، مر مگروں لہو''۔(۱)

کچھ نظموں میں پابند شاعری کے بیشتر اجزا کی جلوہ گری کا شعوری اہتمام نظر آتا ہے مثلاً بحر، قافیہ، ردیف، موسیقیت وغیرہ اور سب سے بڑھ کر لفظی ترتیب جو اُن نثری اوصاف سے مکمل طور پر دامن افشاں ہے جو مذکورہ بالا نظم کا جزوِاعظم دکھائی دیتا ہے، دیکھیے:

''ایہہ بید کیتب پرانی نہیں/ آئی نویں گُرو دی بانی نہیں/ ایہہ نفع منافے والاں دا/ وِدھ کرن دی گھٹ مزدوری اے/ ایہہ لِنگھدا پل ہے ان مُکنا / ایہہ اِک دی گَل حضوری اے/ ایہہ سکھ ہے رت مرجیون دا / ایہہ دُکھیاں دی مجبوری اے''۔(نظم: اج دی دار)(۲)

## جاندیاں رُتاں دے پرچھاویں: سلمان سعید

سلمان سعید اُن شعرا میں سے ہیں جن کی وجہِ شہرت نظم بنی۔مذکورہ کتاب نظموں پر مشتمل اُن کا تیسرا مجموعہ ہے۔اِن پابند، آزاد اور نثری نظموں میں آج کے انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے تمام لحات موضوعِ تخلیق بنتے نظر آ رہے ہیں۔تخیل اور احساسات و محسوسات کی دنیاؤں کی جلوہ گری کی ایک مثال دیکھیے:

''صحراواں وچ/ ٹُردے ٹُردے/ میں اِک/ عجب جیہا پھُل تکیا/ جیہڑا/ بالکل بندیاں وانگوں/ ہسدا وی سی/ روندا وی سی/ میرے کولوں نظر بچا کے/ اپنا رنگ/ بدلدا وی سی!''(نظم)(۳)

## فنشنگ لائن: نوید شہزاد

'فنشنگ لائن' پابند، آزاد اور نثری نظموں کے آہنگ سے مزین ہے۔ڈاکٹر ضیاء الحسن کی رائے میں: 'نوید شہزاد کا زندگی کو دیکھنے کا زاویہ مختلف ہے، اس لیے ان کی نظمیں اپنے اسلوب، ساخت اور فضا کے اعتبار سے مختلف ہیں۔'فنشنگ لائن' جدید پنجابی شاعری میں اضافے کی حیثیت رکھتا ہے۔یہ جدت شعوری طور پر پیدا کردہ نہیں ہے بلکہ شاعر کے نئے تخلیقی تجربے سے پیدا ہوئی ہے'۔(۴)

نظم ''وِنڈیائی'' سے مثال دیکھیے: ''تیرے مگروں جتنے مینہ میں کٹھے کیتے/ اج او ہناں دیاں

ساریاں کنیاں/ اپنے چند دے بالاں اندر ونڈ دتیاں نیں/ نا لے/ ونڈ دتا اے اوہ بدل وی/ مینوں چھوہون مگروں جس نال/ تُوں اپنے ہتھ پونجے سن/ اس توں مگروں/ میں پل پل چند چبولی/ مینوں پل پل چند چبولیا۔''(۵)

## کنی کنی دریا: زاہد مسعود

زاہد مسعود اردو نظم گوئی کے حوالے سے معروف نام ہے۔ مذکورہ کتاب ان کی پنجابی نظموں کا پہلا مجموعہ ہے۔ آزاد اور نثری نظموں کے اس مجموعہ میں دو طرح کا اسلوب بیان سامنے آتا ہے۔ ایک جو براہ راست شاعری سے متعلق ہے۔ مثال کے طور پر نظم ''چکر'' دیکھیے:

''مسیتاں تے درگاہواں/ لوکاں نال بھریاں ہوئیاں نیں/ پر/ ایمان نہیں لبھدا/
عدالتاں وکیلاں نال بھریاں ہوئیاں نیں/ پر/ انصاف نہیں لبھدا/ سکولاں دیاں
گراونڈاں تے پارک ویران پئے نیں/ تے چھپڑاں تے قبضے ہو رہے نیں/
مسیتاں تے درگاہواں بنان لئی!''۔(۶)

یہاں صرف دو باتیں قابل توجہ ہیں کہ سکول، گراونڈ اور پارک ویرانی سے دوچار کیوں ہوئے اور مساجد و درگاہیں بنانے کے لیے صرف جوہڑوں پر ہی قبضے کیوں کیے جا رہے ہیں۔ جب کہ دوسرا اسلوب بیان وہ ہے جو معاصر نئی اردو نظم میں شعری شعور کے ساتھ نظر آتا ہے۔ نثری نظم کے لیے یہ اسلوب بیان مناسب معلوم ہوتا ہے:

''ہوا/ گلّے پتراں اُتے کرناں چھڑکدی رہی/ تے میں/ گلی دے لیمپ دے
چانن وچ/ اپنا سفنا/ ٹائپ رائٹر دے فیتے اُتے نقل کردا رہیا/ جھٹ کو پہلاں/
میں نیندر نوں آواز ماری سی/ پر اوہنے/ ریل گڈی دی سیٹی وجا کے/ مینوں رب
راکھا آکھیا/ ٹی وی دے انٹینے نال لمکدی پتنگ/ روشندان دا شیشہ کھڑکاندی
رہی/ میں/ سلیپراں وچ گھسی ٹھنڈ نوں/ چھت نوں جان والیاں پوڑیاں ول
دھکدا رہیا/ اپنے وچ/ کچیاں اِٹاں توں سمندی، کن من دی رات/ کبوتراں
والے پنجرے وچ وڑ گئی۔''(۷)

## نظماں ای نظماں: ایم اے آزاد دکھوکھر

یہ موضوعاتی پابند نظموں کا مجموعہ ہے۔اسلوب بیان اور موضوعات سے پنجابی قصہ گوئی کی روایت تازہ ہوتی ہوئی محسوس ہوتی ہے اور یہ عنصر نظموں کے عنوانات سے بھی عیاں ہو رہا ہے جیسے: مُڈّھا ہونا چاہی دا، ویر کسان، اِک فوجی ویر نوں دُکھیاری بھین دا خط، ڈینگی بخار دیاں تباہیاں، بابائے قوم حضرت قائداعظم محمد علی جناح نوں میرا اسلام ہووے، اِک رحم دل ڈاکو، چھوٹا کنبہ چنگا یا رو، سگریٹ پیٖنا چنگا کم نہیں، مِٹھی کھیر، بے غیرت کواڈھن، گاں دی قربانی وغیرہ وغیرہ۔ ''گاں دی قربانی'' سے ایک مثال دیکھیے:

> ''گھٹ تولنا تے ناپنا نہیں ویروچاہی دا / ہے حرام دا منافع یاروبرا بھاہی دا /
> سُود دی پیسے والا نہیں جے بیلی پار لگدا / بندا بن جاندا او کیہ لُٹونشانہ جگ دا''۔(۸)

## وِدھوا رنگی مانگ: اجمل خیال

پابند اور آزاد نظموں کے اِس مجموعے میں غزلیہ اسلوب بیان کی مانند نکتہ آفرینی نمایاں نظر آتی ہے۔ بیشتر نظموں کا انت پابند نظم کی مانند منطقی انجام کا حامل ہے۔مصرعوں کی بنت غزل کے مصرعوں سے مشابہ ہے، مثال دیکھیے:

> ''ادھا جیون لکھیا ساڈا / دے عشقے دی بانگ / اڈھا جیون لے گئی سجنو / یار ملن دی تانگھ / سارا جیون دِسیا مینوں / وِدھوا رنگی مانگ''۔(نظم: وِدھوا رنگی مانگ)(۹)

## آساں: حکیم نذیر احمد نذیر

کتاب جدید وقدیم اصناف سخن کا مجموعہ ہے۔حمد، نعت کے بعد نظم بہ عنوان ''شانِ ولایت'' دی گئی ہے جو چار بندوں پر مشتمل ہے۔جس میں اولیاءاللہ کی شان اور اُن کے فیوض وبرکات کو موضوع بنایا گیا ہے۔اِس کے بعد سی حرفی 'ڈھولا' اور 'رنگلا چرخہ' کے زیرِ عنوان طویل نظم دی گئی ہے اور تقریباً

'چرخہ' کی علامت کواُسی معنوں میں استعمال کیا گیا ہے جو معنی شاہ حسین نے اپنی کافیوں میں طے کیے۔

'باراں ماہ' میں 'چیت' سے لے کر 'پھگن' تک اور پھر 'باراں ماہ چرخہ' کے عنوان سے 'چیتر' سے لے کر 'پھاگن' تک کے دیسی مہینوں کے موسمی مزاج کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے طبع آزمائی کی گئی۔ یہ دونوں منظومات موضوع و مزاج کے اعتبار سے باراں ماہ کی شعری روایت سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہیں۔ اِس کے بعد کافیاں اور غزلیں شامل ہیں۔ اِن میں سے آپ 'شانِ ولایت' کو فنی حوالے سے نوکلاسیکی نظم کا حصہ قرار دے سکتے ہیں مگر بقیہ تمام منظومات کا فنی و فکری سطح پر پنجابی نظم کی نئی روایت سے کوئی تعلق نہیں۔(۱۰)

## اکھاں مٹی ہو گئیاں: منور شکیل

یہ نظم اور غزل پر مشتمل مجموعہ ہے۔ کچھ نظمیں پابند اور کچھ آزاد ہیئت کی حامل ہیں۔ نظموں میں استعاراتی فضا بھی ہے اور نقطہ آفرینی بھی۔ تمام نظموں کے موضوعات آج کے انسان کی باطنی و خارجی دنیاؤں کی کتھا بیان کرتے نظر آتے ہیں۔ نظم 'بھنج پوندی' دیکھیے:

''کجھ بدلاں دے ٹوٹے اج وی/ ذہن دے امبر اُتوں/ تیرے ناں دی بارش
کردے رہندے نیں/ جذبے کھردے رہندے نیں/ جدوی تینوں بھلنا
چاہواں/ بھنج پوندی اے دل اندر/ فیر اک یاد چنگاری/ مینوں رنگ للیاری/ پکا
رنگ للیاری''۔(۱۱)

## اکھیوں اوہلے: صائمہ الماس مسرور

نظموں اور غزلوں پر مشتمل اِس کتاب میں نظم کے لیے عام طور پر آزاد ہیئت استعمال کی گئی ہے اور تمام نظمیں دو طرح کے موضوعات پر مبنی ہیں۔ ایک وہ عشقِ حقیقی جو صوفیانہ شعری روایت سے جڑا ہوا ہے اور دوم وہ تانیثی موضوعات جو تیسرے درجے کے پسماندہ ممالک میں عورت کا مقدر ٹھہرتے ہیں۔ اِکا دُکا عشقِ مجازی کی مثالیں بھی موجود ہیں۔ تینوں کے نمونے دیکھیے:

''میں تے تُوں دی کھیڈ اوتی/ اوڑک اِکو اِک/ رنگاں دے اِس پردے پچھے/

آپ نوں اپنی سِک''۔(نظم: کون کہاوے دو)(۱۲)

''ہر پاسے ای بھکھیاں نظراں/ پیاریوں خالی رُکھیاں نظراں/چھلاّ،مندری، کجرا دھوکا/ روز نواں اِک بجرا دھوکا''۔(نظم: بجرا دھوکا)(۱۳)

''جِنہن اوہنوں/فر/خط پاؤنا اے/پر/لکھنا کجھ نہیں''۔(نظم: سنیہا)(۱۴)

## پانی دا پر چھاواں: ایس اے عمران نقوی

مجموعے کا پہلا حصہ چھبیس نظموں پر مشتمل ہے۔یہ نظمیں اپنے عنوانات سے لے کر موضوع متون تک عصری شعور کی نمائندگی کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔فنی حوالے سے یہ منظومات پابند و آزاد نظم کی ہیئت لیے ہوئے ہیں۔جب کہ فکری حوالے سے نئی سوچ کی نمائندگی کر رہی ہیں مگر اس کے باوجود اسلوبِ بیان واضح ہے،کسی خاص علامتی یا استعاراتی نظام کی بدولت منظومات کسی خاص توضیح وتعبیر کی طلب نہیں کرتیں۔ایک مثال دیکھیے:

''ماضی/ اپنے اندھے پن دا سوٹا پھڑ کے ٹُردا اے/صدیاں/ اودا پلّا پھڑ کے پچھے پچھے آندیاں نیں/ ہولی ہولی ٹُردا ماضی/ اِک دم اگے آ جاندا اے/فیر ماضی دا حصّہ بن کے/صدیاں دے پلّے نوں پھڑ کے/ پچھے پچھے آ ناواں میں''۔(میں تے ماضی)(۱۵)

## تیرے عشق بیماریاں لائیاں: زوار حکیم محمد ابصار حیدری

نظم کے ساتھ غزل بھی شامل کتاب ہے۔کچھ نظمیں ہیئت ومزاج کے اعتبار سے چومصرعہ کی مانند ہیں اور کچھ طنز سے بھرپور نوکلاسیکی نظم کی یادگار ہیں۔دو نظمیں آزاد نظم کی ہیئت میں ہیں مگر تمام نظموں کا اسلوبِ بیان براہِ راست پابند شاعری کا روپ سروپ ہے،مثال دیکھیے:

جنہاں نوں لوکی کہندے نیں/وڈے مولی،وڈے قاری حق بھیناں دا کھاندے پئے نیں/سچ نوں جھوٹھ/ بناندے پئے نیں/فیر وی/ رب دی یاد دے وچ اوہ /جھوٹھے موٹھے روندے پئے نیں''۔(نظم: انہاں نوں کیہ ہویا)(۱۶)

## خواباں بھریاں اکھاں: اعجاز فیروز اعجاز

کتاب میں حمد، نعت، سلام، منقبت، ترانے، کافیاں اور غزلیں بھی شامل ہیں۔ پہلی دو نظمیں 'پردہ' اور 'کاہدے' کو شاعر نے ہیئتی حوالے سے 'ایک لفظی نظمیں' کہا ہے اور اسے یوں لکھا گیا:

چرخے/ کتے/ سوتر/ وٹیا............

عقلاں/ اُتوں/ پردہ/ ہٹیا............

جھگڑے/ والا/ بدل/ چھٹیا............ (نظم: پردہ)(۱۷)

یہ ایک پابند نظم ہے۔ تین ہم وزن و ہم قافیہ مصرعوں پر مشتمل اس نظم کا وزن "فعلن فعلن فعلن فعلن" ہے یعنی سولہ ماتروں پر مشتمل مصرع۔ دیکھیے:

چرخے کتے سوتر وٹیا (16 ماترے)

عقلاں اُتوں پردہ ہٹیا (16 ماترے)

جھگڑے والا بدل چھٹیا (16 ماترے)

اِسی طرح بقیہ دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ اور نو لفظی نظموں کی صورتِ حال ہے۔ اسلوبِ بیان غزل یا پابند شاعری کے قریب تر ہے۔

## دل دا کاسہ: امین اُڈیرائی

نظم اور غزل کی اِس کتاب میں نظم ہئیتی اعتبار سے پابند اور نثری ہیئت میں منقسم ہے اور اس پابند اور نثری نظم کا اسلوبِ بیان براہِ راست شاعری کا نمونہ ہے۔ مختلف موضوعات کی حامل اِن نظموں کی دو مثالیں دیکھیے:

"دنیا دے ایس میلے اندر/ بھکھ تماشے کروندی اے/ اپنے پاپی پیٹ دی خاطر/ پیو پتراں نوں لڑواندی اے/ بھکھ دے کنے ای ناں نیں یارو/ بھکھ دے کافی روپ ہوندے نیں"۔ (نظم: بھکھ)(۱۸)

"اپنے اُتے/ مٹی دا تیل/ چھڑک کے خودکشی/ کرن والا شخص/ جے ایہ سمجھدا اے/ کہ

اوہنوں/ انصاف ملے گا/ تے ایہہ اوہدی بھُل اے"۔(نظم: انصاف)(۱۹)

## رتی شام دا سفر: یوسف رِند

گو اس مجموعہ کلام میں ایک غزل بھی شامل ہے مگر اسے مجموعہ نظم ہی مانا جائے گا۔ بیشتر نظمیں ماضی کے صیغے 'سی'، 'سن' سے مزین ہیں۔ کئی مصرعے اور کئی نظموں کی فضا دھیان کو منیر نیازی کی پنجابی نظم کے بنیادی وصف کی جانب لوٹا دیتی ہے۔ کچھ مصرعے دیکھیے: "بے کل شام سفر دی میری/ چپ اداس وی راہواں سن/ بے چینی سی ہور طرحاں دی/ بجھدے پے چراغاں دی/ ہریاں ہریاں باغاں دے وچ/ شوکر کالیاں ناگاں دی/ مینوں خوف سی ہور طرحاں دا/ چپ ساناں ورگی سی"۔(نظم: رتی شام دا سفر)(۲۰)

بوہے باریاں رَت نال بھجیاں/ وچ مکاناں کوئی نہیں سی/ باسی باسی مہک پھُلاں دی/ وچ دیواناں کوئی نہیں سی/ لوکاں ورگیاں ڈائناں جیویں/ رات دے پچھلے پہر دیاں/ شہروں باہر کھلو کے روحاں/ گھر دا رستہ لبھدیاں سن۔(نظم: لاوارث روحاں دا نوحہ)(۲۱)

یہ بنیادی طور پر خیال کی شاعری ہے کہ جس میں اسلوب بیان کو اہم جاننے کی بجائے 'خیال' کی اصلیت کو برقرار رکھنے پر زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ فکری حوالے سے بے چینی و احساس رائیگاں نمایاں ہے۔

## عشق پریتاں: گل زیب عباسی

مذکورہ مجموعہ میں غزل بڑی تعداد میں موجود ہے جب کہ اٹھائیس نظمیں شامل ہیں۔ نظمیں پابند شاعری کا روپ ہیں۔ ان میں کئی ہیئتیں استعمال کی گئی ہیں، کچھ مثالیں دیکھیے:

جدھر جدھر پیر اُٹھاواں
ڈنگیا جاواں
کیہ گُر لاواں (واجاں)(۲۲)

کچھ نظمیں روایتی آزاد نظم سے ملتی جلتی ہیں مثلاً نظم 'اُڈنی چڑ یئے' یا 'نیویں نکے پانی' وغیرہ۔

تمام نظموں کا اسلوبِ بیان اور بیانیہ روایتی پابند شاعری کے قریب ہے مگر کہیں کہیں نئے پن کا احساس بھی چھوتا ہے۔ دیکھیے، خاص طور پر دوسرا مصرع:

نہر کنارے ڈھولا اِنج ملیا
جویں نیویں نکّے دا پانی (۲۳)
(نیویں نکے دا پانی)

**قلندر روار: محمد صابر**

مجموعے میں غزلوں کے ساتھ قلیل تعداد میں نظمیں شامل ہیں مثلاً پہلی نظم مزاحمتی آہنگ سے مزین ہے اور استحصالی نظام کے موضوع کو اپنائے ہوئے ہیں۔ اس طرح 'ساڈے ناویں'، 'اُٹھ ملنگا دھرنا دے' بھی مذکورہ بالا آہنگ کا تسلسل ہیں۔ عوامی لب و لہجے کی نمائندہ بقیہ نظمیں کچھ پابند اور کچھ آزاد ہیئت میں ہیں۔ مثال دیکھیے:

پھڑ لے سارے ہاگڑ بلے/ باندر بُھکی جاتُوں کِلّے/ ہو چنگا دھرنا دے/ اُٹھ ملنگا
دھرنا دے/ بھوکن والے کُتے نیں/ تے سُوراں توں اُتے نیں۔ (۲۴)

**کرماں دی چھاں: محمد ممتاز راشد**

اس نظم کے ساتھ غزل بھی شامل ہے اور اس کے علاوہ معروف پنجابی لوک اصنافِ سخن ماہیا، بولی اور دوہا پر بھی طبع آزمائی کی گئی ہے۔ ابتدائی تین نظمیں ملتی ہیں۔ بقیہ نظمیں آخری حصے کے طور شاملِ کتاب ہیں۔ اِن نظموں کے موضوعات 'ماں دی لوڑ'، 'اکلاپا بڑھاپا'، 'ماڑا بندہ تے منگھیائی'، 'دے بیبا'، 'پاپ نگر'، 'جھوٹھے عاشق دا آخری سچ' وغیرہ جہاں روایتی موضوعات کی حامل ہیں وہاں اِن کا اسلوبِ بیان بھی روایتی پابند شاعری سے میل کھاتا ہے۔ اِن کے علاوہ کچھ خالصتاً عصری شعور اور کچھ طنز و مزاح کا نمونہ ہیں۔ ایک نظم سے مثال دیکھیے:

'مُلّاں دی تقریر بدلدی ویکھی اے/ آیتاں دی تفسیر بدلدی ویکھی اے/ زردا
جادو بولدا ویکھیا سر چڑھ کے/ قول، نیاں تحریر بدلدی ویکھی اے''۔ (بدلدی
ویکھی اے) (۲۵)

## کندھ اسماناں تیک: بشریٰ ناز

یہ اصنافِ سخن کے اعتبار سے دو حصوں میں منقسم ہے۔ پہلا حصہ غزل جب کہ دوسرا حصہ نظم ہے۔ پابند اور آزاد دونوں ہیئتیں برتی گئی ہیں۔ اسلوب بیان اور خیال کی پختگی کے ساتھ ساتھ الفاظ، استعارات و تشبیہات کو برمحل برتنے کا سلیقہ فنِ غزل گوئی کی مہارت کی جانب اشارا کرتا ہے۔ احساسِ رائیگانی نمایاں ہے۔ انتساب: ''ماں جی کے نام جنہوں نے مجھے بولنا سکھایا، ابا جی کے نام جنہوں نے مجھے لکھنا سکھایا اور اپنے شوہر کے نام کہ جس نے نہ کبھی مجھے بولنے سے روکا اور نہ ہی لکھنے سے'' کے باوجود اُن کے ہاں وہ عدم اطمینانی اور محرومی کی فضا نمایاں نظر آتی ہے جو تیسرے درجے کے خطوں کی اُس عورت کی تقدیر ہے جو ازل سے نام نہاد روایات کے نام پر مقید چلی آ رہی ہے۔ کچھ مصرعے دیکھیے:

''سانوں ریت رواج دے نام تے/ جگ قید سنائی/ اسیں پیریں سنگل پا لئے/
چپ کر کے بہہ گئے''۔ (نظم: اِک اُدھمی سدھر دا گاون) (۲۶)

''شوق دے نال ایہ سفنے بیجے/ وارث بن گئے دوجے تیجے/ پڑھ نہ ہوون ہتھ
دیاں ریکھاں/ لیکھاں دے وچ ٹھگیاں میٹاں/ کوئی سمجھ نہ آئے/ مائے نی/
میری سِک دے پھُل کملائے''۔ (نظم: میری سِک دے پھُل کملائے) (۲۷)

'' کاغذ دے کورے پنے تے/ پُٹھیاں سِدھیاں لیکاں/ لہو رنگیاں نیں چیکاں/
سڑک حیاتی واڑاں والی/ جِھڑ کِنج دھریکاں/ پہلی وار نہ روئے سُفنے/ رُت سیاپے/
دِھیاں رب دی رحمت نیں تے/ کیوں روندے نیں ماپے!'' (نظم: دھیاں
دے دُکھ) (۲۸)

## مُجرے کر دی اکھ: محمد ایوب سنگیا

غزل کے ساتھ کچھ نثری اور آزاد نظمیں بھی شاملِ کتاب ہیں۔ بیشتر نظمیں آزاد ہیں۔ فکر، ہیئت اور اسلوبِ بیان نیا ہونے کے باوجود نظمیں منطقی انجام سے مزین ہیں۔ مثال دیکھیے:

''ٹھُڈے کھاندی پئی ہے صحرائی ہوا/ ز دوچ ایہدی نائیں/ کوئی وی زُلف/ نہ

ہی اڈاندی پئی ہے/کوئی دو پٹہ/اڈاندی ہے تے بس/ نِکّے نِکّے میہلے / ہوا نال اُڈدے نیں ایہ بے چارے/ تے اکھ لئی بن دے نیں/ عجب ایہ نظارے/ تے نقش ہوندے دل تے/ عجب اے احساس/ کہ بے وزناں دی کدھرے وی/ کوئی ڈھوئی نہیں''۔(نظم)(۲۹)

## میں چیتر نہیں چکھیا: خاقان حیدر غازی

اِس مجموعہ میں کافی وغزل کے ساتھ نظمیں شامل ہیں۔ جو آہنگ اُن کی کافیوں کا ہے وہی بیشتر نظموں میں بھی نظر آتا ہے۔ پنجابی گیتوں کی مانند اِن نظموں کی مترنم اور رواں دواں بحروں کو وصفِ خاص کہا جاسکتا ہے۔ ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں میں' کے احساس سے لبریز ایک مثال دیکھیے:

''اج وی ہور جہان دے منظر/ ایس جہاں وچ دِسّی/ اج وی ہور کسے دے پھٹ ای/ میرے اندر دِسّن/ اج وی مینوں کل دے وانگوں/ آندی کل دی پے گئی/ اج وی جہڑی گل کرنی سی/ پچھلی کل وانگ رہ گئی۔''(نظم: اج وی)(۳۰)

## وِلّو ہنا: توقیر چغتائی

یہ بنیادی طور پر نظموں کا مجموعہ ہے جس میں صرف تین غزلیں شامل ہیں۔ پوٹھوہاری لہجے کی اِن نظموں میں پابند، معرّیٰ اور آزاد ہیئت کے نمونے دیکھے جاسکتے ہیں۔ مجموعی طور پر اِن نظموں کا بڑا موضوع 'رومان' ہے۔ ایک مثال دیکھیے:

''اِس پھیرے چندر رُڑھسی/ ماہیا تاں مُڑسی/ چن چڑھیا پر عید نہ آئی/ دل گلیاں چ پھرے شُدائی/ کوئی کنڈا پُوسی/ ماہیا تاں مُڑسی''۔(نظم: بے وِسائی)(۳۱)

## وِیلے دی اکھ: ابوسفیان جانی جان

مزاحیہ نظم، غزل اور گیتوں پر مشتمل مجموعہ کلام میں جو نظمیں شامل ہیں وہ ہیئت اور اسلوبِ بیان کے حوالے سے پنجابی نظم کی نوکلاسیکی روایت کا تسلسل ہیں۔ رومان کے علاوہ بیشتر نظمیں عوامی

موضوعات پر لکھی گئی ہیں ۔مثلاً دیکھیے :

''کہڑی شے خریداں تے کیہ ویچاں لگا ہو یا ئے ہر سامان تے ٹیکس/ کھاوے
پیوے کیہ او تھے عوام دسو جتھے لاؤن حاکم پین کھان تے ٹیکس/ آٹے دال تے ٹیکس
لُون مرچ تے ٹیکس صابن صرف نالے روٹی نان تے ٹیکس/ بجلی گیس تے ٹیکس لکڑ
تیل تے ٹیکس چاہیے چاہیے تے ٹیکس تے مکان تے ٹیکس'' ۔(نظم: ٹیکس)(۳۲)

اس تفصیل کے بعد کہا جا سکتا ہے کہ جدید شعور کی حامل نئی پنجابی نظم اور نو کلاسیکی پنجابی نظم کی تخلیق دو دھاروں کی مانند اسلوب بیان اور ہیئت ہر دو سطح پر ساتھ ساتھ چل رہی ہے ۔نئی نظم کے عہد میں نو کلاسیکی نظم کی تخلیق اس حوالے سے اہم ہے کہ یہ موازنے اور تقابل کی بنیاد فراہم کرتی ہے ۔ بہر حال جدید شعور کی حامل نئی پنجابی نظم کو ہی پنجابی شاعری کا مستقبل گردانا جائے گا ۔

☆☆☆☆☆

## حوالے


(۱) نجم حسین سید ۔اُساں تُساں دی کون کون ۔سچیت کتاب گھر لاہور ۔ستمبر 2013ء ۔ص 84

(۲) ایضاً ۔ص 11

(۳) سلمان سعید ۔چاندیاں رُتاں دے پرچھاویں ۔القمر انٹر پرائز ز لاہور ۔2013ء ۔ص 14

(۴) نوید شہزاد ۔فنشنگ لائن ۔شعبہ پنجابی پنجاب یونیورسٹی لاہور ۔2013ء ۔ص 42,44

(۵) ایضا ۔ص 46

(۶) زاہد مسعود ۔کنی کنی دریا ۔بک ہوم لاہور ۔2013ء ۔ص 104

(۷) ایضاً ۔ص 127,128

(۸) ایم اے آزاد کھوکھر ۔نظماں ای نظماں ۔مقصود پبلشرز لاہور ۔ستمبر 2013ء ۔ص 184

(۹) اجمل خیال ۔ودھوارنگی مانگ ۔بک ہوم لاہور ۔2013ء ۔ص 23

(۱۰) حکیم نذیر احمد نذیر ۔آ ساں ۔بزمِ شباب ادب فیض آباد ۔2013ء

(۱۱) منور شکیل ۔اکھاں مٹی ہو گیاں ۔پنجابی مرکز لاہور ۔دسمبر 2013ء ۔ص 9

(۱۲) صائم الماس مسرور۔ اکھیوں او ہلے۔ فکشن ہاؤس لاہور۔ 2013ء۔ ص 32, 33

(۱۳) ایضاً۔ ص 106

(۱۴) ایضاً۔ ص 140

(۱۵) ایس اے عمران نقوی۔ پانی دا پرچھاواں۔ سانجھ پبلی کیشنز لاہور۔ اول 2013ء۔ ص 47

(۱۶) زوار حکیم محمد ابصار حیدری۔ تیرے عشق بیماریاں لائیاں۔ ستمبر 2013ء۔ ص 60

(۱۷) اعجاز فیروز اعجاز۔ خاباں بھریاں اکھاں۔ نگاہ پبلی کیشنز لاہور۔ 81

(۱۸) امین اُڈیرائی۔ دل دا کاسہ۔ لال پبلی کیشنز حیدرآباد سندھ۔ 2013ء۔ ص 27

(۱۹) ایضاً۔ ص 92

(۲۰) یوسف رند۔ رتی شام دا سفر۔ مکتبہ فکر و دانش وار دو سخن ڈاٹ کام پاکستان لاہور۔ 2013ء۔ ص 39,40

(۲۱) ایضاً۔ ص 42,43

(۲۲) گل زیب عباس۔ عشق پریتاں۔ گلشن ادب پبلی کیشنز لاہور۔ 2013ء۔ ص 42

(۲۳) ایضاً۔ ص 106

(۲۴) محمد صابر۔ قلندر وار۔ الحمد پبلی کیشنز لاہور۔ 2013ء۔ ص 140

(۲۵) محمد ممتاز راشد۔ کرماں دی چھاں کریے۔ عظمیٰ پبلی کیشنز لاہور۔ 2013ء۔ ص 118

(۲۶) بشریٰ ناز۔ کندھا سامان تیک۔ دستخط مطبوعات فیصل آباد۔ دسمبر 2013ء۔ ص 110

(۲۷) ایضاً۔ ص 116 (۲۸) ایضاً۔ ص 122

(۲۹) محمد ایوب ستگیا۔ مُجرے کردی اکھ۔ شہباز پبلشرز جہلم۔ جنوری 2013ء۔ ص 99

(۳۰) خاقان حیدر غازی۔ میں چیتر نہیں چکھیا۔ سانجھ پبلی کیشنز لاہور۔ 2013ء۔ ص 87

(۳۱) توقیر چغتائی۔ وُلو ہنا۔ چغتائی پبلشرز کراچی۔ 2013ء۔ ص 25

(۳۲) ابوسفیان جانی جان۔ ویلے دی اکھ۔ ادارہ پنجابی لکھاریاں لاہور۔ 2013ء۔ ص 5

❁❁❁